روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفر پور
Urdu Daily Muzaffarpur
HAKIKAT TIMES हकीकत टाइम्स
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर

# ایمس، آئی سی ایم آر کے مطالعہ کی بنیاد پر دل کے لیے کووڈ ویکسین محفوظ: وزارت صحت



نئی دہلی، 2 جولائی (یو این آئی) انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ (آئی سی ایم آر) اور آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (ایمس) کی مشترکہ تحقیق کی بنیاد پر یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ملک میں اچانک ہونے والی اموات کورونا ویکسین کی وجہ سے نہیں ہیں مرکزی وزارت صحت نے بھی تصدیق کی ہے کہ نوجوانوں میں کورونا ویکسین اور ہارٹ اٹیک کے درمیان کوئی تعلق نہیں ہے۔ کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارامیا نے ہاسن ضلع میں دل کا دورہ پڑنے سے ہونے والی اموات کا ذمہ دار کووڈ ویکسین کو قرار دیا۔ اس کے ایک دن بعد، بدھ کو مرکزی وزارت صحت نے ان کے دعووں کی تردید کی اور کہا کہ آئی سی ایم آر اور اے آئی ایم ایس کے ذریعے کئے گئے وسیع مطالعے میں ایسا کوئی تعلق نہیں ملا ہے۔ مسٹر سدارامیا نے کل کہا تھا کہ عوام میں کووڈ ویکسین کی جلد بازی سے منظوری اور تقسیم بھی ان اموات کی ایک وجہ ہوسکتی ہے اور ہر ایک پر زور دیا کہ اگر انہیں سینے میں درد یا سانس لینے میں دشواری جیسی علامات نظر آئیں تو وہ فوری طور پر قریبی صحت مرکز کا دورہ کریں اور اگر اپنا معائنہ کروائیں۔ ان علامات کو نظر انداز نہ کریں۔ تاہم، وزارت نے ان کے تبصرے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں کئی ایجنسیوں کے ذریعے اچانک اموات کے معاملات کی چھان بین کی گئی ہے اور ان مطالعات نے حتمی طور پر یہ ثابت کیا ہے کہ کووڈ 19 کی ویکسینیشن اور اچانک اموات کی رپورٹوں کے درمیان کوئی براہ راست تعلق نہیں ہے۔ وزارت نے آئی سی ایم آر اور نیشنل سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول (این سی ڈی سی) کے ذریعہ کئے گئے مطالعات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ملک میں کووڈ 19 کی ویکسین محفوظ اور موثر ہیں، سنگین سائیڈ ایفیکٹس کے بہت کم واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اچانک دل سے ہونے والی اموات متعدد عوامل کی وجہ سے ہوسکتی ہیں، جن میں جینیات، طرز زندگی، پہلے سے موجود بیماریاں اور بعد از کووڈ پیچیدگیاں شامل ہیں۔ آئی سی ایم آر اور این سی ڈی سی اچانک ہونے والی اموات بالخصوص 18 سے 45 سال کی عمر کے نوجوانوں کی پیچھے کی وجوہات کو سمجھنے کے لئے مل کر کام کررہے ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لیے، مختلف تحقیقی طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے دو تکمیلی مطالعات کیے گئے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پہلا مطالعہ آئی سی ایم آر کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اپیڈیمولوجی (این آئی ای) نے کیا تھا، جس کا عنوان تھا ہندوستان میں 18-45 سال کی عمر کے بالغوں میں اچانک اموات سے منسلک عوامل - ایک ملٹی سینٹرک میچڈ کیس کنٹرول اسٹڈی۔ یہ مئی سے اگست 2023 تک 19 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 47 کیئر اسپتالوں میں منعقد کیا گیا تھا۔ وزارت نے کہا کہ اس میں ایسے افراد کا مطالعہ کیا جو بظاہر صحت مند تھے لیکن اکتوبر 2021 اور مارچ 2023 کے درمیان اچانک ان کی موت ہوگئی۔

نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ کووڈ-19 ویکسینیشن سے نوجوان بالغوں میں اچانک موت کا خطرہ نہیں بڑھتا ہے۔ تحقیق کے مطابق زیادہ تر غیر واضح موت کے معاملات میں جینیاتی تبدیلیوں کو ان اموات کی ممکنہ وجہ سمجھا جا رہا ہے۔ مطالعہ مکمل ہونے کے بعد حتمی نتائج کا اشتراک کیا جائے گا۔ ساتھ میں یہ دونوں مطالعات ملک میں نوجوان بالغوں میں اچانک ہونے والی اموات کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ بھی پتہ چلا ہے کہ کووڈ-19 ویکسینیشن سے خطرے میں اضافہ نہیں ہوتا ہے، جب کہ صحت کے مسائل، جینیاتی رجحان اور خطرات سے دوچار طرز زندگی متبادل کا کردار غیر واضح اموات کی وجہ ہوسکتی ہے۔ ویکسین کی افادیت پر شکوک پیدا کرنے والے ایک بیان میں کسی کا نام لیے بغیر، کرناٹک کے وزیر اعلیٰ نے کہا، "سائنسی ماہرین نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ کووڈ ویکسینیشن کو اچانک اموات سے جوڑنے والے بیانات غلط اور گمراہ کن ہیں، اور اس میں کوئی سائنسی اتفاق رائے نہیں ہے۔" وزارت نے کہا، "بغیر حتمی ثبوت کے قیاس آرائی پر مبنی دعوے ویکسین پر عوام کے اعتماد کو مجروح کرنے کا خطرہ رکھتے ہیں، جنہوں نے وبائی امراض کے دوران لاکھوں جانیں بچانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ایسی بے بنیاد رپورٹس اور دعوے ملک میں ویکسین کی تذبذب کو بڑھا سکتے ہیں، جس سے صحت عامہ پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔" مسٹر سدارامیا نے کہا کہ صرف ہاسن ضلع میں ہی گزشتہ ماہ میں 20 سے زیادہ لوگوں کی دل کا دورہ پڑنے سے موت ہوئی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے سوشل میڈیا ایکس پر ایک پوسٹ میں لکھا، حکومت اس معاملے کو بہت سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ ان اموات کی اصل وجہ جاننے اور اس کا حل تلاش کرنے کے لیے، جے دیوا انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر سائنسز اینڈ ریسرچ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رویندر ناتھ کی قیادت میں ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے اور انہیں 10 دن کے اندر مطالعہ کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔"

# مرکزی وزیر راجیو رنجن نے جموں وکشمیر میں مویشی پالن اور ماہی پروری کے شعبوں کا جائزہ لیا



سری نگر، 2 جولائی (یو این آئی) جموں و کشمیر کے مویشی پالن اور ماہی پروری کے شعبوں کی بہتری کے لیے مرکز اور ریاستی حکومت کی مشترکہ کوششوں کو مستحکم بنانے کی غرض سے بدھ کو سرینگر کے سول سکریٹریٹ میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت مرکزی وزیر برائے ماہی پروری، مویشی پالن و ڈیری، راجیو رنجن سنگھ اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کی۔ اس موقع پر مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے جموں و کشمیر میں مویشی پالن اور ماہی پروری کے شعبوں میں موجود صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے مرکز کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے زور دیا کہ دیہی خوشحالی اسی وقت ممکن ہے جب مقامی سطح پر پائیدار معاشی ترقی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ چھوٹے پیمانے پر لائیو اسٹاک اور ماہی پروری کے شعبوں میں کاروبار اختیار کریں، جو نہ صرف روزگار کے نئے مواقع فراہم کر سکتے ہیں بلکہ معاشی ترقی کے ضامن بھی بن سکتے ہیں۔ مرکزی وزیر نے نیشنل ڈیری ڈیولپمنٹ بورڈ اور نیشنل فشریز ڈیولپمنٹ بورڈ کے اشتراک سے ایک جامع منصوبہ مرتب کرنے کا اعلان کیا، جس کے تحت بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے اور کسانوں کو منڈیوں سے جوڑنے پر توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے جموں و کشمیر میں ایکسپورٹرز کانفرنس اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری سے متعلق کانفرنس کے انعقاد کا بھی اعلان کیا تاکہ کاروباری مواقع کو فروغ دیا جا سکے۔ راجیو رنجن سنگھ نے ڈیری سیکٹر کو غیر منظم سے منظم سطح پر منتقل کرنے کے لیے کوآپریٹیوز اور ایف پی اوز کے قیام پر زور دیا اور وارانسی کے کامیاب ماڈل کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر میں بھی ایسے ماڈلز اپنانے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مرکزی وزیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے مشترکہ اجلاس مقامی ترجیحات کی نشاندہی اور قومی سطح کے تجربات سے استفادہ کرنے کے لیے نہایت اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں بڑی صنعتیں ہمیشہ دیرپا نتائج فراہم نہیں کرتیں، اس لیے زراعت، باغبانی، مویشی پالن، ماہی پروری اور سیاحت جیسے روایتی شعبوں کو مستحکم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ جموں وکشمیر ملک کی 90 فیصد ٹراوٹ پیدا کرتا ہے۔

# ہائی کورٹ نے 800 کروڑ کے گھوٹالے کی سی بی آئی جانچ پر جواب طلب کیا

نینی تال، 2 جولائی (یو این آئی) اتراکھنڈ ہائی کورٹ نے 800 کروڑ روپے سے زیادہ کے لونی اربن ملٹی اسٹیٹ کریڈٹ اینڈ تھرفٹ کوآپریٹیو سوسائٹی (ایل یو سی سی) گھوٹالے کی جانچ مرکزی تفتیشی ایجنسی (سی بی آئی) کو سونپنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں عدالت نے سی بی آئی سے صورتحال واضح کرنے کو کہا ہے۔ اس کیس میں رشی کیش کے رہنے والے آشوتوش نے چیلنج کیا ہے۔ اس کے علاوہ، اس کیس کی سماعت بدھ کو چیف جسٹس جی نریندر کی صدارت والی ڈویژن بنچ میں ہوئی۔ عرضی گزار کی جانب سے کہا گیا کہ سال 2021 سے 2024 کے درمیان اتراکھنڈ میں ایل یو سی سی کی جانب سے 650 کروڑ روپے کا گھوٹالہ کیا گیا ہے، یہ تعداد اس سے بھی زیادہ ہوسکتی ہے۔ لوگوں کو طرح طرح کے لالچ دے کر رقم جمع کروائی گئی جس کے بعد کمپنی کے مالکان اچانک بھاگ گئے۔ ضلع پوڑی میں ایل یو سی سی کے خلاف 14 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ پوڑی پولیس اس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ اتراکھنڈ کے علاوہ ایل یو سی سی کا نیٹ ورک ملک کی دو دیگر ریاستوں میں پھیلا ہوا تھا اور اس گھوٹالے کو انجام دیا گیا تھا۔ دیگر ریاستوں میں سوسائٹی کے خلاف 50 سے زیادہ مقدمات درج ہیں۔ گھوٹالے کا ماسٹر مائنڈ اور ایل یو سی سی کمپنی کا مالک سمیر اگروال گرفتاری کے خوف سے ملک چھوڑ کر دبئی فرار ہو گیا تھا۔ تفتیش کے دوران پولیس کو پتہ چلا کہ اس کے پاس دو ممالک کی شہریت ہے اور وہ ان دنوں ویسٹ انڈیز کے ایک چھوٹے سے جزیرے میں چھپا ہوا ہے۔ ان کے خلاف 'لُک آؤٹ نوٹس' کے علاوہ 'بلیو کارنر نوٹس' بھی جاری کیا گیا ہے۔ عرضی گزار کے مطالبے پر ڈویژن بنچ نے اتفاق کیا کہ چونکہ یہ ایک کثیر ریاستی گھوٹالہ ہے، اس لیے اس کیس کی جانچ سی بی آئی سے کرائی جائے۔ اس کے بعد عدالت نے سی بی آئی سے کہا ہے کہ وہ ایک ہفتے کے اندر اس معاملے میں اپنی پوزیشن واضح کرے۔ یہی نہیں، عدالت نے پوڑی کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) کو عدالت میں کیس کی پیش رفت رپورٹ پیش کرنے کو کہا ہے۔

## ریاستی درجہ جموں و کشمیر کا آئینی حق ہے، بحالی ناگزیر: طارق حمید قرہ

سری نگر، 2 جولائی (یو این آئی) جموں و کشمیر پردیش کانگریس کمیٹی (جے کے پی سی سی) کے صدر طارق حمید قرہ کا کہنا ہے کہ خواتین کو با اختیار بنانے کی پہل سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی نے کی اور یہی ویژن آج بھی کانگریس پارٹی کی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی نمائندگی کا تصور کانگریس کا خواب تھا، جسے راجیو گاندھی نے 73 ویں اور 74 ویں آئینی ترامیم کے ذریعے 33 فیصد ریزرویشن دے کر حقیقت میں بدلا۔ ان ترامیم کی بدولت پنچایتی راج اداروں میں خواتین کو بڑی تعداد میں نمائندگی حاصل ہوئی، جس میں جموں و کشمیر میں 8300 خواتین پنچایتی نمائندے بھی شامل ہیں۔ پی سی سی چیف نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بی جے پی نے خواتین کو صرف ووٹ بینک سمجھا ہے، جب کہ کانگریس نے عملی اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یو پی اے حکومت نے خواتین کے لیے قانون سازی کی کوشش کی۔

# دگ وجے اور حسن کے بیانات ہندو مخالف ذہنیت کی عکاسی کرتے ہیں: بی جے پی

نئی دہلی، 2 جولائی (یو این آئی) کانوڑ یاترا کے حوالہ سے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے کانگریس لیڈر دگ وجے سنگھ اور سماج وادی پارٹی کے سینئر لیڈر ایس ٹی حسن کے بیانات کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ دونوں لیڈروں کے بیانات پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے بی جے پی کے قومی ترجمان سدھانشو ترویدی نے بدھ کو یہاں نامہ نگاروں سے کہا کہ کانوڑ یاترا کو لے کر دونوں لیڈروں کے جس طرح کے بیانات ہیں اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے بیانات اسی جذبات سے متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راہل گاندھی بیرون ملک 'عالمی ہندوتوا کے خاتمے' جیسی میٹنگوں میں حصہ لیتے ہیں۔ چنئی میں سناتن دھرم کے خاتمے کی باتیں ہو رہی ہیں اور یہ دونوں رہنما ایک ہی سوچ سے متاثر نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسٹر سنگھ ذاکر نائیک کو 'امن کا پیامبر' مانتے ہیں، اسامہ بن لادن کو 'اسامہ جی' اور حافظ سعید کو 'حافظ صاحب' کہتے ہیں۔ لیکن انہیں فرقہ پرستی صرف کانوڑ یاترا میں نظر آتی ہے۔ انہوں نے مسٹر حسن سے کہا کہ وہ بتائیں کہ وہ ان لوگوں کے ساتھ کیوں کھڑے ہیں جو اپنا نام اور شناخت چھپاتے ہیں۔



# سکھوں کو مذہبی مقام پر جانے سے روکنے پر کیجریوال بے ادبی کے مجرم: بادل



موہالی، 2 جولائی (یو این آئی) شرومنی اکالی دل (ایس اے ڈی) کے صدر سکھبیر سنگھ بادل نے بدھ کے روز کہا کہ سکھوں کو ان کے مقدس مقام پر جانے سے روک کر عام آدمی پارٹی کے کنوینر اور سکھ مخالف رہنما اروند کیجریوال نے سنگین بے ادبی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیجریوال نے پولیس کا غلط استعمال کرتے ہوئے اکالی کارکنوں سمیت تمام عقیدت مندوں کو موہالی کے گوردوارہ شری انب صاحب میں ماتھا ٹیکنے سے روک دیا۔ اس سے پہلے مسٹر بادل نے شرومنی اکالی دل کے سینئر رہنما وکرم سنگھ مجیٹھیا کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کرکے اور سیاسی انتقام کے خلاف احتجاجاً متعدد اکالی کارکنوں کے ساتھ گرفتاری دی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ کیجریوال کی پنجابیوں سے نفرت اور پنجاب میں لالچ و لوٹ مار کو چھپانے کی ایک کوشش ہے۔ سکھبیر سنگھ بادل کو پولیس نے گوردوارہ شری انب صاحب میں ماتھا ٹیکنے سے روک دیا، جس کے بعد وہ اکالی کارکنوں کو لے کر ریاستی ویجی لینس بیورو کے دفتر کی طرف روانہ ہوئے تاکہ مجیٹھیا کے خلاف سیاسی انتقام کے خلاف مظاہرہ کیا جا سکے۔ گوردوارے کے احاطے میں عقیدت مندوں کو داخل ہونے اور عبادت سے روکنے کے لیے بڑی تعداد میں پولیس تعینات کی گئی اور انہیں زبردستی ہٹایا گیا۔ مسٹر بادل نے کہا کہ عام آدمی پارٹی شرومنی اکالی دل سے اتنی خوف زدہ ہوچکی ہے کہ اس نے ریاست بھر میں اکالی کارکنوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سینکڑوں سینئر لیڈروں اور کارکنوں کو گھروں میں نظر بند کر دیا اور متعدد کو احتیاطی طور پر گرفتار بھی کیا۔ ماجھا علاقے کے اکالی رہنماؤں کو بیاس پل عبور کرنے کی اجازت نہیں دی گئی اور ریاست بھر میں ناکے لگا کر اکالی کارکنوں کو موہالی پہنچنے سے روکا گیا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے مسٹر بادل نے کہا کہ پنجاب میں سب کچھ ایک فرقہ پرست، غیر پنجابی اروند کیجریوال کے اشارے پر ہو رہا ہے۔ پولیس صرف نام کی ہے۔ اصل میں یہ فرقہ پرست لیڈر اروند کیجریوال پنجابیوں سے سخت نفرت کرتا ہے۔ ہم سکھ، پنجابی اور اکالی کی حیثیت سے اس چیلنج کو قبول کرتے ہیں۔ ہم دہلی کے فرقہ پرست عناصر کو پنجاب پر حکومت نہیں کرنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کیجریوال اور اس کا گروہ آخر کار اپنے آمرانہ چہرے کو بے نقاب کر چکے ہیں اور ایمرجنسی کے سیاہ دور کی یاد تازہ کر دی ہے۔ اس وقت بھی اور اب بھی اصل نشانہ پنجابی عوام اور خاص طور پر اکالی بنائے گئے ہیں۔ سکھبیر سنگھ بادل نے مزید کہا کہ اروند کیجریوال پنجاب میں اپنی حکومت کی کرپشن اور لوٹ مار سے لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لیے ظلم و جبر کا سہارا لے رہے ہیں۔ جیسا اکثر غیر مقبول اور عوامی حمایت سے محروم لیڈر کرتے ہیں۔ انہوں نے پرامن اکالیوں پر جبر کو ایمرجنسی یا "جیتو دا مورچہ" کے دوران کی کارروائی سے بھی بدتر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی سکھوں کو اپنے مقدس گوردواروں میں جانے سے نہیں روکا گیا تھا، جیسا کہ آج کیا گیا۔ آخر میں مسٹر بادل نے کہا کہ میں اپنے خلاف ظلم و ستم کی پرواہ نہیں کرتا کیونکہ ظلم کے خلاف بغاوت میرے خون میں شامل ہے۔ لیکن میں حکومت کو خبردار کرتا ہوں کہ وہ ہمارے پرامن اکالی کارکنوں پر جبر سے باز آئے۔

# شیوراج سنگھ چوہان 3 اور 4 جولائی کو جموں وکشمیر کا دورہ کریں گے



نئی دہلی، 2 جولائی (یو این آئی) زراعت، کسانوں کی بہبود اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان 3 اور 4 جولائی 2025 کو جموں وکشمیر کے دو روزہ دورے پر ہوں گے۔ اس دوران وہ اعلیٰ سطحی میٹنگوں کی صدارت کریں گے اور زراعت، دیہی ترقی اور تعلیمی شعبے سے متعلق اہم پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ شیوراج سنگھ چوہان 3 جولائی کی صبح سری نگر کے سول سکریٹریٹ میں زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت اور دیہی ترقی کے محکمے کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کریں گے۔ دوپہر میں وہ قدرتی کاشتکاری سے متعلق زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت کی مشاورتی کمیٹی اور قومی تلہن مشن کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ شام کو وہ راج بھون میں جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ذریعے ان کے اعزاز میں منعقدہ ایک خیر سگالانہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ دورے کے دوسرے دن شیوراج سنگھ چوہان شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (ایس کے یو اے ایس ٹی-کے) سری نگر کی چھٹی کونووکیشن تقریب میں مہمان خصوصی ہوں گے یہ تقریب یونیورسٹی کے شالیمار کنونشن سینٹر میں منعقد ہوگی۔ اس تقریب میں جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر اور یونیورسٹی کے چانسلر جناب منوج سنہا، وزیر اعلیٰ اور ایس کے یو اے ایس ٹی-کے کے پرو چانسلر عمر عبداللہ بھی شرکت کریں گے۔ کونووکیشن کے دوران 250,5 طلباء کو انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں دی جائیں گی۔ اس کے علاوہ 150 گولڈ میڈل اور 445 میرٹ سرٹیفکیٹس ممتاز طلباء کو ان کی تعلیمی مہارت کے اعتراف میں دیئے جائیں گے۔ کنووکیشن تقریب کے بعد شیوراج سنگھ چوہان ایس کے یو اے ایس ٹی-کے کیمپس میں زعفران اور سیب کے باغات کا دورہ کریں گے اور باغبانی کے سائنسدانوں اور کسانوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس کے بعد، مرکزی وزیر زراعت کھنموہ گاؤں میں لکھ پتی دیدی سے ملاقات کریں گے، جو خواتین کو با اختیار بنانے اور دیہی خوشحالی کی علامت ہیں۔ مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ کے دورے کو جموں وکشمیر میں پائیدار زراعت، قدرتی کاشتکاری اور دیہی ترقی کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم سمجھا جا رہا ہے۔ اس سے قبل 'وکست کرشی سنکلپ ابھیان' کے ایک حصے کے طور پر، انہوں نے جموں کا دورہ کیا تھا اور کسانوں کے ساتھ براہ راست بات چیت کی تھی۔ اس مشغولیت کو جاری رکھتے ہوئے مسٹر چوہان کاشتکار برادری سے براہ راست رابطہ قائم کرنے کے لیے مختلف ریاستوں اور دیہی علاقوں کا باقاعدگی سے دورہ کر رہے ہیں۔

## اکھلیش اعظم گڑھ میں رہ کر پوروانچل میں ایس پی کی جڑوں کی آبیاری کریں گے

اعظم گڑھ 2 جولائی (یو این آئی) اتر پردیش میں 2027 کے اسمبلی انتخابات کی تیاریوں میں مصروف سماج وادی پارٹی پوروانچل میں اپنی سیاسی جڑیں مضبوط کرنے کے ارادے سے اعظم گڑھ میں بڑا قدم اٹھانے جا رہی ہے۔ پارٹی ذرائع کی مانیں تو ایس پی صدر اکھلیش یادو کی اب اٹاوہ کے سیفئی کے علاوہ ایک اور مستقل نئی رہائش گاہ اعظم گڑھ میں ہوگی۔ تاہم ان کی یہ نئی رہائش گاہ زیر تعمیر ہے۔ مانا جا رہا ہے کہ ایس پی کے سربراہ یہاں رہ کر 2027 کا ہدف حاصل کرنے کے لئے پوروانچل میں پارٹی کو مضبوط کریں گے۔ غور طلب ہے کہ سماج وادی پارٹی کے پاس اعظم گڑھ ضلع کی تمام دس اسمبلی سیٹیں اور دونوں لوک سبھا سیٹیں ہیں۔ پورے ضلع میں اپنے سیاسی دبدبے کی وجہ سے ایس پی پورے پوروانچل میں اپنی زمین مضبوط کرنے میں لگی ہوئی ہے۔ اعظم گڑھ فیض آباد شاہراہ پر انورگنج بازار میں 68 بسوا زمین پر اکھلیش کی مستقل رہائش ابھی تک نہیں بنی ہے، لیکن اکھلیش یادو کی قیادت میں 3 جولائی کو ہونے والی ایس پی کی میٹنگ کے لیے احاطے کو پوسٹروں اور بینروں سے سجایا جا رہا ہے۔ ضلع کے تمام سینئر لیڈران بشمول 10 ایم ایل اے، دو ایم پی، قانون ساز کونسل کے ممبران اور سماج وادی پارٹی کے ضلع پنچایت صدر مسٹر یادو کے استقبال کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ ایس پی کے قومی جنرل سکریٹری اور قانون ساز کونسل کے رکن بلرام یادو نے جو ایک طویل عرصے سے پارٹی کی حکمت عملی سازوں میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، نے آج اپنے تمام لیڈروں کے ساتھ جلسہ گاہ کا معائنہ کیا اور کہا کہ کل ایس پی سپریمو اکھلیش یادو کی زیر تعمیر رہائش گاہ اور دفتر کا شاندار افتتاح کیا جائے گا۔

# کشتواڑ کے گھنے جنگلات میں انکاونٹر شروع

جموں، 2 جولائی (یو این آئی) جموں و کشمیر کے ضلع کشتواڑ کے گھنے جنگلات میں بدھ کی شام سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ذرائع نے بتایا کہ جھڑپ چھاترو کے کوچل علاقے میں اس وقت شروع ہوئی جب دہشت گردوں کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع ملنے پر سلامتی فورسز نے علاقے کا محاصرہ کر کے تلاشی مہم شروع کی۔ ذرائع کے مطابق جیسے ہی فورسز نے تلاشی کارروائی کا آغاز کیا، گھنے جنگل میں چھپے دہشت گردوں نے فورسز پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ سلامتی عملے نے بھی فوری طور پر پوزیشن سنبھال کر جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں علاقے میں شدید گولیوں کا تبادلہ شروع ہوا۔ اطلاعات کے مطابق، جھڑپ کے آغاز کے بعد اضافی کمک کو فوری طور پر روانہ کیا گیا اور وسیع علاقے کو محاصرے میں لے کر فرار ہونے کے تمام راستوں پر پہرے بٹھا دئے گئے ہیں۔ فوری طور پر کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ آخری اطلاعات ملنے تک علاقے میں رک رک کر فائرنگ کا تبادلہ جاری تھا۔ اس آپریشن سے متعلق مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

# گلمرگ: سیاحتی سیزن کے پیش نظر اعلیٰ سطحی سیکورٹی اجلاس منعقد

سری نگر، 2 جولائی (یو این آئی) سیاحتی مقام گلمرگ اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں بڑھتے ہوئے سیاحتی رش کے پیش نظر امن وقانون کی صورتحال کو موثر اور مستحکم بنانے کی خاطر شمالی کشمیر میں پولیس، فوج اور نیم فوجی دستوں کی ایک اعلیٰ سطحی سیکورٹی میٹنگ منعقد ہوئی۔ پولیس کے ایک ترجمان نے بتایا کہ ڈی آئی جی شمالی کشمیر مقصود الزماں اور ڈی آئی جی سی آر پی ایف رگھونش کمار کی سربراہی میں آج گلمرگ میں ایک اعلیٰ سطحی میٹ گ منعقد ہوئی جس میں پولیس، فوج، سی آر پی ایف اور سیول انتظامیہ سے وابستہ اعلیٰ افیسران نے شرکت کی۔ ڈی آئی جی مقصود الزماں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے گلمرگ کیبل کار ٹرمینلز، جنگلاتی راستوں، سیاحتی ہجوم والے مقامات اور مرکزی شاہراہوں پر کثیر پرتوں والے سیکورٹی نظام کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مسلسل نگرانی، انٹیلی جنس کا بروقت تبادلہ، مشترکہ گشت اور فوری رسپانس ٹیموں کی موجودگی کو لازمی قرار دیا۔ دونوں ڈی آئی جیز نے ہنگامی ردعمل اور گاڑیوں کی موثر چیکنگ، اور کمانڈ سینٹرز و فیلڈ یونٹس کے مابین تیز رفتار رابطہ کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اجلاس کے دوران موجودہ سیکورٹی خطرات، خاص طور پر حالیہ پہلگام حملے کے پس منظر میں انسداد دہشت گردی اقدامات کو مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ میٹنگ کے اختتام پر دونوں ڈی آئی جیز نے کہا کہ گلمرگ اور اس کے اطراف میں مقامی باشندوں و سیاحوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکورٹی ادارے پوری طرح پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطرات کے بدلتے منظرنامے پر مسلسل نگاہ رکھی جائے گی اور سیکورٹی تعیناتیوں کو وقتاً فوقتاً ازسرنو ترتیب دیا جائے گا تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکا جا سکے۔

# راجستھان: نئی اسکل پالیسی پر تفصیلی تبادلہ خیال

جے پور، 2 جولائی (یو این آئی) راجستھان میں شری وشوکرما اسکل ڈیولپمنٹ بورڈ کے چیئرمین رام گوپال سوتھار نے آج وزیر اعلیٰ کی رہائش گاہ پر وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما سے ملاقات کی اور ان سے سال 2025 کے لیے نئی اسکل پالیسی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ شری سوتھار نے مسٹر شرما کے سامنے اہم تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر اسکل پالیسی 2025 کے توسط سے کام کرنے کی اسکیموں کا مقصد دیہی علاقوں میں نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا ہے۔ اسکیموں کے تحت پنچایت سطح پر راج مستری کے کام کی مہارت کی تربیت دی جائے گی۔ ساتھ ہی نوجوانوں کو تھری ڈی مشن اور دیگر تکنیکی مہارتوں کی تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ خود روزگار یا تعمیراتی شعبے میں مہارت حاصل کر سکیں۔ ذرائع نے بتایا کہ مسٹر رام گوپال سوتھار نے کہا کہ تربیت کے ذریعے انہیں مستقل ملازمت میں رہنمائی ملے گی۔ ریاستی حکومت کو چاہیے کہ وہ وشوکرما اسکل ڈیولپمنٹ بورڈ کے ذریعہ ان تجاویز کو نافذ کرے تاکہ دیہی نوجوانوں کو خود کفیل بنایا جا سکے۔

# مہاراشٹر اسمبلی میں اپوزیشن کا احتجاج اور ایوان سے واک آؤٹ

ممبئی، 2/جولائی (یو این آئی): سویابین کی خریداری کے لیے حکومت کے ادارئے کی جانب سے کسانوں کو مبینہ طور پر ادا نہ کیے جانے والے واجبات کو لے کر ہنگامہ آرائی کے بعد بدھ کو اپوزیشن پارٹیوں نے مہاراشٹر اسمبلی میں دوبارہ واک آؤٹ کیا۔ اجلاس میں برسراقتدار اور اپوزیشن کے اراکین کے درمیان اس معاملے پر نوک جھونک اور نعرہ بازی بھی ہوئی کیونکہ اپوزیشن نے حکومت پر خریداری کے عمل میں بے ضابطگیوں اور کسانوں کو ادائیگیوں میں تاخیر کا الزام لگایا۔ کانگریس کے رکن وجے وڈیٹیوار نے زور دے کر کہا کہ سویابین کے پروڈیوسروں کو ان کی فروخت شدہ فصلوں کی ادائیگی نہیں ملی ہے۔ تعاون اور مارکیٹنگ کے وزیر جے کمار راول نے اسمبلی کو بتایا کہ اس سال ریاست بھر میں 562 مراکز پر سویابین کی تاریخی مقدار خریدی گئی ہے۔ ملی رپورٹ کے مطابق راول نے کہا،" 000,51 سے زیادہ کسانوں نے اپنی پیداوار فروخت کی، اور 500,5 کروڑ روپے براہ راست ان کے بینک کھاتوں میں منتقل کیے گئے ہیں۔" تاہم، اکولا ضلع کے بالاپور تعلقہ میں ایک واقعہ کو لے کر تنازعہ کھڑا ہو گیا۔ وزیر نے وضاحت کی کہ اندورا شیتکاری کمپنی، کسانوں کی ایک اجتماعی، خریداری کے ریکارڈ میں رجسٹرڈ ہونے کے باوجود 297,1 کوئنٹل سویابین گودام تک پہنچانے میں ناکام رہی۔ انہوں نے بتایا کہ کمپنی کے سربراہ کے خلاف فوجداری مقدمہ درج کیا گیا ہے، اور مزید تفتیش کے لیے 36 لاکھ روپے ادا نہیں کئے گئے ہیں۔ راول نے یقین دلایا کہ اس مسئلے سے متاثرہ کسانوں کو ادائیگیوں میں سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔۔ وزیر کے جواب سے ناراض اپوزیشن ارکان احتجاجاً ایوان سے باہر نکل گئے۔

# بلاسپور میں احتجاج کے دوران ایم ایل اے اور اے ایس پی کے درمیان جھڑپ

بلاسپور، 02 جولائی (یو این آئی) ہماچل پردیش کے بلاسپور میں بدھ کے روز اُس وقت کشیدگی پھیل گئی جب کانگریس کے سابق ایم ایل اے بمبر ٹھاکر نے ڈپٹی کمشنر کے دفتر کے قریب ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (اے ایس پی) شیو کمار چودھری اور ایس ڈی ایم ڈاکٹر جگدیپ سنگھ کھیرا کے ساتھ سخت تکرار کی۔ یہ جھڑپ اُس وقت ہوئی جب بمبر ٹھاکر، حال ہی میں ان پر ہوئی فائرنگ کے واقعے میں چوتھے مشتبہ شخص کی گرفتاری میں مبینہ تاخیر کے خلاف احتجاج کرنے جا رہے تھے۔ صورتحال اُس وقت مزید بگڑ گئی جب بی جے پی کے صدر اور مرکزی وزیر جے پی نڈا کا قافلہ مخالف سمت سے آ رہا تھا۔ قانون و نظم برقرار رکھنے کے لیے انتظامیہ نے مسٹر ٹھاکر کو روکنے کی کوشش کی۔ الزام ہے کہ اس دوران بمبر ٹھاکر نے اے ایس پی کو دھکا دیا، جس پر افسر نے سخت ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا: "مجھے دھکا مت دو، گالی مت دو!" یہ واقعہ ایک ویڈیو کی صورت میں سوشل میڈیا پر وائرل ہو چکا ہے۔

# انتیودیہ سمبل پکھواڑہ کے دوران تقریباً 25.1 لاکھ ریونیو معاملات کو حل کیا گیا

جے پور، 2 جولائی (یو این آئی) راجستھان کے وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما کی ہدایت پر چلائے جانے والے پنڈت دین دیال اپادھیائے انتیودیہ سمبل پکھواڑہ کے تحت لگائے گئے کیمپوں میں عام لوگوں بالخصوص دیہی، غریب اور محروم طبقات کے مختلف معاملات کو موقع پر ہی حل کیا جا رہا ہے اور اس کے تحت اب تک تقریباً ایک لاکھ پچیس ہزار ریونیو معاملات کو حل کیا جا چکا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اس پندرہ روزہ کیمپوں میں ریونیو سے متعلق بڑے کیسوں کو نمٹانے کا کام تیزی سے کیا جا رہا ہے۔ بھیلواڑہ کی ہرڈا تحصیل کی کنوالیاس پنچایت میں لگائے گئے کیمپ کے دوران امر سنگھ نے تجاوزات ہٹانے کے سلسلے میں افسران کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کیا۔ اس پر فوری فیصلہ کرتے ہوئے حکام نے ریونیو ٹیم کو موقع پر روانہ کیا اور دو کلومیٹر طویل سڑک سے تجاوزات کو ہٹا دیا۔ اس کیس کے فوری حل سے گاؤں والوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اس کے لیے وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے گاؤں والوں نے کہا کہ بھجن لال جی کا شکریہ جنہوں نے ہمارے برسوں سے زیر التوا مسائل کو جلد حل کیا۔ یہ سب ہمارے وزیر اعلیٰ کی حساس سوچ اور عوامی فلاحی پالیسی کا نتیجہ ہے۔

روزنامہ
حقیقت ٹائمس
مظفرپور
Urdu Daily Muzaffarpur
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# سری لنکا نے بنگلہ دیش کو 77 رنز سے شکست دے دی




کولمبو، 02 جولائی (یو این آئی) کپتان چریت اسلانکا (106) کی شاندار سنچری کے بعد ونندو ہسر نگا (چار وکٹ) اور کامنڈو مینڈس (تین وکٹ) کی زبردست گیند بازی کی بدولت سری لنکا نے بدھ کو پہلے ڈے نائٹ ون ڈے میچ میں بنگلہ دیش کو 77 رنز سے شکست دے دی۔ اس کے ساتھ ہی سری لنکا نے تین میچوں کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کر لی ہے۔ 245 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اتری بنگلہ دیش کی پہلی وکٹ پرویز حسین ایمان (13) کے طور پر گری، جنہیں اسیتا فرنانڈو نے آؤٹ کیا۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والے نجم الشانتو نے ٹی حسن کے ساتھ دوسری وکٹ کے لیے 71 رنز کی شراکت داری کی۔ 17ویں اوور میں نجم الشانتو (23) کے رن آؤٹ ہونے سے یہ شراکت ٹوٹ گئی۔ اسی اوور میں ونندو ہسر نگا نے لٹن کمار داس کو بغیر کھاتہ کھولے پویلین واپس بھیج دیا۔ اسی اوور میں ہسر نگا نے ٹی حسن کو آؤٹ کر کے بنگلہ دیش کو بڑا دھچکا دیا۔ حسن نے 61 گیندوں پر نو چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 62 رنز کی اننگز کھیلی۔ پانچویں وکٹ کے طور پر محمد توحید ہردوئے (ایک) کو کامنڈو مینڈس نے بولڈ کیا۔ 20ویں اوور میں ہسر نگا نے کپتان مہدی حسن (صفر) کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ کر کے بنگلہ دیش کی کمر توڑ دی۔ ٹی حسن شکیب (ایک) اور تسکین احمد (صفر) بھی کامنڈو مینڈس کا شکار بنے۔ تنویر اسلام (5) کو ماہیش تیکشنا نے آؤٹ کیا۔ ایک وقت میں بنگلہ دیش نے 125 کے اسکور پر اپنی نو وکٹیں گنوادی تھیں۔ اس موقع پر بلے بازی کے لیے آنے والے مستفیض الرحمن نے ذاکر علی کے ساتھ اننگز کو سنبھالا۔ اس دوران ذاکر علی نے 59 گیندوں پر چار چوکوں اور چار چھکوں کی مدد سے اپنی نصف سنچری مکمل کی۔ 36ویں اوور کی پانچویں گیند پر ہسر نگا نے ذاکر علی (51) کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ کر کے بنگلہ دیش کی اننگز 167 کے اسکور پر ختم کر دی اور میچ 77 رنز سے جیت لیا۔ سری لنکا کی جانب سے ونندو ہسر نگا نے 5.7 اوورز میں 10 رنز دے کر چار وکٹیں حاصل کیں۔ کامنڈو مینڈس نے پانچ اوورز میں 19 رنز دے کر تین وکٹیں لیں۔ اسیتا فرنانڈو اور ماہیش تیکشنا نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل آج یہاں سری لنکا کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کے لیے اترنے والی سری لنکا کی شروعات انتہائی خراب رہی اور اس نے 29 کے اسکور تک اپنی تین وکٹیں گنوا دیں۔ عالم یہ تھا کہ پتھوم نسانکا اور کامنڈو مینڈس اپنا کھاتہ بھی نہ کھول سکے۔ نیشن مادوشکا (6) تیسرے وکٹ کے طور پر آؤٹ ہوئے۔ اس مشکل وقت میں بلے بازی کے لیے آنے والے کپتان چریت اسالانکا نے کوسل مینڈس کے ساتھ اننگز کو سنبھالا۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان چوتھی وکٹ کے لیے 60 رنز کی شراکت داری ہوئی۔ 29ویں اوور میں تنویر اسلام نے کوسل مینڈس کو آؤٹ کر کے اس شراکت کو توڑ دیا۔ کوسل مینڈس نے 43 گیندوں پر چھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 45 رنز کی اننگز کھیلی۔

## ہندوستانی انڈر 19 ٹیم نے انگلینڈ کو چار وکٹ سے شکست دی



نارتھمپٹن، 02 جولائی (یو این آئی) کنشک چوہان (تین وکٹ/ 43 رن، ناٹ آؤٹ) کی آل راؤنڈ کارکردگی اور ویبھو سوریہ ونشی (86) کی شاندار اننگز کی بدولت ہندوستانی انڈر 19 ٹیم نے بدھ کے روز تیسرے ون ڈے میچ میں انگلینڈ کو 33 گیندیں باقی رہتے چار وکٹ سے شکست دے دی۔ اس کے ساتھ ہی ہندوستانی ٹیم نے پانچ میچوں کی سیریز میں 1-2 کی برتری حاصل کر لی ہے۔

269 رنز کے ہدف کے تعاقب میں کپتان ابھگیان کنڈو اور ویبھو سوریہ ونشی کی سلامی جوڑی نے ہندوستانی انڈر 19 ٹیم کی طرف سے پہلی وکٹ کے لیے 38 رنز جوڑے۔ ہندوستان کی پہلی وکٹ ابھگیان کنڈو (12) کی شکل میں گری۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والے ویہان ملہوترا نے ویبھو سوریہ ونشی کے ساتھ چارج سنبھالا۔ اس دوران ویبھو سوریہ ونشی نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کیا اور 31 گیندوں میں نو چھکے اور چھ چوکے لگا کر (86) رنز بنائے۔ جب ہندوستان نے اپنی دوسری وکٹ ویبھو کی شکل میں گنوائی تو اسکور آٹھ اوور میں 111 رنز تھا۔ اس کے بعد بلے بازی کے لیے آنے والے راج سنگھ کھاتہ کھولے بغیر ہی پویلین لوٹ گئے۔ ویہان ملہوترا 34 گیندوں میں 46، راہول کمار 27 اور ہرونش پنگالیا 11 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ کنشک چوہان (ناٹ آؤٹ 43) اور امبریش (ناٹ آؤٹ 31) نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کیا اور 34.3 اوورز میں 274 رنز بنا کر ہندوستان کو چار وکٹ سے جیتنے میں مدد دی۔ امبریش نے 35ویں اوور کی تیسری گیند پر چھکا لگا کر ہندوستان کو فتح دلائی۔ انگلینڈ کی جانب سے الیگزینڈر ویڈ نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ جیمز منٹو، ایلکس گرین، آر البرٹ اور ایس مورگن نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔

## رشبھ پنت ہیڈنگلے میں دو سنچریاں بنا کر رینکنگ میں چھٹے نمبر پر پہنچے




دبئی، 02 جولائی (یو این آئی) ہیڈنگلے ٹیسٹ کی دونوں اننگز میں سنچری بنانے والے رشبھ پنت ٹیسٹ بلے بازوں کی رینکنگ میں چھٹے نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ پنت نے اس ٹیسٹ میں 134 اور 118 رنز کی اننگز کھیلی تھیں، جس سے رینکنگ میں انہیں ایک درجے کا فائدہ ہوا۔ تاہم یہ ان کے کیریئر کی بہترین رینکنگ نہیں ہے۔ انہوں نے 2022 میں ٹیسٹ رینکنگ میں پانچواں مقام حاصل کیا تھا۔ پنت کے اب کل 801 رینکنگ پوائنٹس ہو گئے ہیں، جو ان کے کیریئر کا بہترین رینکنگ پوائنٹ ہے۔ تاہم وہ اب بھی نمبر ون ٹیسٹ بلے باز جو روٹ سے 88 پوائنٹس پیچھے ہیں۔ روٹ نے ہیڈنگلے میں پہلی اننگز میں 28 اور دوسری اننگز میں ناٹ آؤٹ 53 رنز بنائے تھے۔ پچھلے میچ میں سنچری بنانے والے انگلینڈ کے سلامی بلے باز ڈکٹ اپنے کیریئر کے بہترین 787 رینکنگ پوائنٹس کے ساتھ آٹھویں مقام پر برقرار ہیں۔

آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ نے ویسٹ انڈیز کے خلاف بارباڈوس ٹیسٹ میں دونوں اننگز میں نصف سنچریاں بنا کر تین درجوں کی چھلانگ لگائی اور وہ اب ٹاپ 10 میں شامل ہو گئے ہیں۔ ہیڈ نے پہلی اننگز میں 59 اور دوسری اننگز میں 61 رنز بنا کر آسٹریلیا کو فتح دلائی تھی۔ ہیڈنگلے میں پانچ وکٹیں لے کر جیسپریت بمراہ بولرز کی رینکنگ میں نمبر ون پر برقرار ہیں۔ آسٹریلیا کے جوش ہیزل ووڈ نے بارباڈوس ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں 43 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ وہ ایک درجہ ترقی پا کر چوتھے نمبر پر پہنچ گئے۔ ویسٹ انڈیز کے جیڈن سیلز نے پہلی اننگز میں 60 رنز دے کر 5 وکٹیں کی تھیں۔ وہ ایک درجہ کے فائدے کے ساتھ نویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ آل راؤنڈرز کی ٹیسٹ رینکنگ میں رویندر جڈیجہ سرفہرست ہیں۔ وہیں جنوبی افریقہ کے ویان ملڈر اور کوربن بوش نے زمبابوے کے خلاف بلاوایو ٹیسٹ میں گیند اور بیٹ دونوں سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر کے آل راؤنڈرز کی رینکنگ کے ٹاپ 20 میں جگہ بنالی ہے۔

## کارٹل ومبلڈن کے تیسرے راؤنڈ میں داخل

لندن، 02 جولائی (یو این آئی) برطانوی ٹینس اسٹار سون کارٹل نے آج صرف 67 منٹ میں بلغاریہ کی وکٹوریہ ٹوموا کو 6-2، 6-2 سے شکست دے کر مسلسل دوسرے سال ومبلڈن کے تیسرے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کر لیا۔ برطانوی ٹینس اسٹار نمبر 3 نے پہلے راؤنڈ میں 20ویں سیڈ جیلینا اوسٹاپینکو کو تین سیٹ کے سنسنی خیز مقابلے میں شکست دی تھی۔ انہوں نے کورٹ 3 پر بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ 22 سالہ کارٹل اس وقت دنیا میں 51 ویں نمبر پر ہیں، انہوں نے پورے میچ پر دبدبہ قائم رکھا۔ پہلے سیٹ کے چھٹے گیم میں سروس کا پہلا بریک حاصل کرنے کے بعد، کارٹل نے اپنی تال تلاش کی اور کچھ زوردار نشانے لگائے جس سے نمٹنے کے لیے ان کی حریف کو جدوجہد کرنی پڑی، لیکن اس کے بعد اس نے دوبارہ بریک کر کے پہلا سیٹ 5-2 سے اپنے نام کیا۔

## جوکووچ نے ومبلڈن کے دوسرے راؤنڈ تک رسائی حاصل کر لی، زیوریف کو شکست



لندن، 2 جولائی (یو این آئی) نوواک جوکووچ نے جسمانی مسائل پر قابو پاتے ہوئے ومبلڈن کے دوسرے راؤنڈ میں جینیک اسنر سے مقابلہ کیا لیکن تیسری سیڈ الیگزینڈر زویریو کو فرانس کے آرتھر رنڈرکنچ نے جھٹکا دیا۔ سات بار کے چیمپئن جوکووچ، جو سیمی فائنل میں اسنر کا مقابلہ کر سکتے ہیں، نے سنٹر کورٹ پر فرانس کے الیگزینڈر مولر کو 6-1 6-7 (7-9) 6-2 6-2 کو ہرا کر ریکارڈ 25ویں بڑے ٹائٹل کے لیے اپنی تازہ جدوجہد کا آغاز کیا۔ سربیائی کھلاڑی نے تیسرے سیٹ میں ابتدائی جدوجہد کی۔ بعد میں اس نے تصدیق کی کہ اس کے پیٹ میں کچھ گڑبڑی ہے۔ لیکن میڈیکل ٹائم آؤٹ کے بعد اپنی فارم دوبارہ حاصل کی اور آخری 12 میں سے 10 گیمز جیتے۔

جوکووچ نے کہا،" میں ڈیڑھ سیٹ کے لیے اپنے بہترین سے تقریباً 45 منٹ تک اپنے سب سے بدترین سیٹ میں چلا گیا۔ پیٹ میں درد تھا یا نہیں، مجھے نہیں معلوم۔ میں نے اس کے ساتھ جدوجہد کی، لیکن توانائی واپس آ گئی اور میں اچھے نوٹ پر میچ ختم کرنے میں کامیاب ہو گیا"۔ جوکووچ نے ٹورنامنٹ سے پہلے کہا کہ ان کا خیال ہے کہ ومبلڈن ان کے لیے کارلوس الکاراز اور جنیک اسنر کے تسلط کو روکنے اور اپنا 25 واں گرینڈ سلیم ٹائٹل جیتنے کا بہترین موقع ہے۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق 38 سالہ نوجوان اپنے پہلے گیم میں ہی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے تیار نظر آیا کیونکہ اس نے لگاتار چھ گیمز جیتے اور 30 منٹ کے پہلے سیٹ میں سروس پر صرف دو پوائنٹس سے محروم ہوئے۔

لیکن باقی میچ سابق عالمی نمبر ایک کے عزم کا کڑا امتحان ثابت ہوا۔ جوکووچ ٹائی بریک پر لے جانے سے پہلے چار سیٹ پوائنٹس سمیت 11 بریک پوائنٹس بنانے کے باوجود مولر پر قابو نہیں پا سکے۔ اس نے بھی 5-2 کی برتری حاصل کی لیکن جدوجہد کرنے والے مولر نے شاندار واپسی کی اور اگلے نو میں سے سات پوائنٹس جیت کر میچ برابر کر دیا۔ تیسرے سیٹ کے آغاز میں جوکووچ کے لیے پریشانی کا باعث تھا جب چھٹے سیڈ نے اپنی باڈی لینگویج میں واضح تبدیلی کے درمیان میڈیکل ٹائم آؤٹ کیا۔ اسے ڈاکٹر سے گولی کی صورت میں جو مدد ملی، اس نے فوری طور پر کام کیا اور اس نے مقابلہ پر دوبارہ کنٹرول اور اپنا پرانا لیول دوبارہ حاصل کیا اور مسلسل پانچ گیمز جیت کر تیسرا سیٹ اپنے نام کیا۔ مولر، جنہوں نے اپنے دائیں بچھڑے کے علاج کے لیے میڈیکل ٹائم آؤٹ بھی حاصل کیا، اپنی مزاحمت سے ہجوم کو خوش کرتے رہے اور چوتھے سیٹ کے آغاز میں جوکووچ کی سرو پر پہلے دو بریک پوائنٹس بنائے۔

لیکن جوکووچ پوری سروس شاندار تھا اور فنشنگ لائن کو توڑنے سے پہلے مضبوطی سے تھامے رہے۔ دوسرے راؤنڈ میں اس کا مقابلہ برطانیہ کے ڈین ایونز سے ہوگا، جس نے ومبلڈن میں اپنے آخری 42 میچوں میں سے 40 جیتے ہیں۔ آخری دو فائنلز میں الکاراز سے صرف دو بار ہارے۔ اس دوران زیوریر کو فرانس کے آرتھر رینڈرکنیک نے 7-6 (3)، 6-7 (8)، 6-3، 6-7 (5)، 6-4 سے پہلے راؤنڈ میں شکست دی۔

SOILTECH CONSULTANTS (I) PVT. LTD.
NABL

National Accreditation Board for Testing and Calibration Laboratories
CERTIFICATE OF ACCREDITATION
SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED
has been assessed and accredited in accordance with the standard
ISO/IEC 17025:2017
"General Requirements for the Competence of Testing & Calibration Laboratories"
for its facilities at
KAUSAR VILLA, KHAN MIRZA LANE, P.S. SULTANGANJ, P. O. MAHENDRU, PATNA, BIHAR, INDIA
in the field of
TESTING
Certificate Number: TC-9200
Issue Date: 06/01/2021 Valid Until: 05/01/2023
This certificate remains valid for the Scope of Accreditation as specified in the annexure subject to continued satisfactory compliance to the above standard & the relevant requirements of NABL.
(To see the scope of accreditation of this laboratory, you may also visit NABL website www.nabl-india.org)
Name of Legal Identity : SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED
Signed for and on behalf of NABL
N. Venkateswaran
Chief Executive Officer


SPT

TOPOGRAPHICAL SURVEY

SLUMP CONE TEST

PILE LOAD TEST

CTM MACHINE

Consult for Building Material Test, Geotechnical Investigation, Topographical Survey, Plate & Pile Load Test, Other Civil Engineering Test and DPR etc.

Our Reputed Clients are :
- Building Construction Department (Bihar)
- Bihar State Building Construction Corporation Ltd.
- Eastern Railway
- Godrej & Boyce Mfg. Co. Ltd.
- Saa Vishnu Baker's (P) Ltd.
- L&T Limited
- Suguna Foods Pvt. Ltd.
- Japfa Comfeed India Pvt. Ltd.
- SMS Limited
- Samarth Engineers
- Shiva Consultancy Services (P) Ltd.
- Dipanshu Promoter & Builder Pvt. Ltd.
- Kalsi Buildcon Pvt. Ltd.


Er. KASHIF AHMAD
(Managing Director)

Contact No. : +91 9931688703, 0612 - 2379795
e-mail : soiltech.patna@gmail.com
NOTE : THERE IS NO OTHER BRANCH IN PATNA.
Address : Kausar Villa, Khan Mirza Lane, Sultanganj, Patna-800006, Bihar.

Glenmark

Dr S B Ahmad
आपके अपने महत्वपूर्ण नंबर जानना हमेशा अच्छा होता है!
इस
World Hypertension Day,
चलिये नीचे दिए गए तरीकों से प्रभावी 'उच्च-रक्तचाप प्रबंधन' का अभ्यास करें:
रक्तचाप की सटीक निगरानी करना सीखकर
रक्तचाप को नियंत्रित करके
एक स्वस्थ जीवन शैली को अपनाकर
A Glenmark initiative
A Powerful Revolution

DOCTOR
Dr. Bikas Sourabh
MBBS ( Hons & Gold Medalist ) M.D. (Medicine)
DMRD (Patna) MRCP (England) MRCP (Ireland)
Visit By Prior Appointment on Given Phone Numbers
Phone No. 8507837914 / 7481971222
मरीज देखने का समय :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 से 9 बजे तक एवं शाम 6 से 8 बजे तक
अप्वायंटमेंट लेने का समय एवं फोन :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 बजे से रात 8 बजे तक
फोन : 8507837914, 7481971222
0A/67 सचिवालय कॉलोनी
कंकड़बाग, पटना-800020
( डॉ० अल्का पांडे क्लिनिक/सरल डायग्नास्टिक के दक्षिण विद्यापुरी पार्क के सटे वाला मकान )
OA-67, Sachiwalya Colony
Kankerbagh, Patna 800 020

Sparkling Smile Dental Care
स्पार्कलिंग स्माईल डेन्टल केयर
दांत की बिमारी के सम्पूर्ण समाधान के लिए हमें सेवा का मौका दें।
Complete Solutions for your all Dental Problems
Avail 10% Discount on All Treatments
40 Minutes RCT
Braces
Cosmetic Dentistry
Zirconia
Digital Dentistry etc.
Dr. Ali Ashraf
BDS MBA
Consultant Dentist
CLINIC TIME
9 AM TO 1 PM
5 PM TO 8 PM
F-49, P.C Colony, Kankarbagh, Patna-20
Contact- 7004525593, 7903612134

Owner Syed Naiyar Ali Warsi Publisher Syed Naiyar Ali Warsi Printer DB Corp- Ltd- Near Bansh Hospital Darbhanga Road Patiyasha Muzaffarpur Pin 843103
Published From Manzarul Hasan Mohallah Milkitola Sadpura PO Ramna H-No-987 Distt Muzaffarpur Bihar 842002-Editor Syed Naiyar Ali Warsi